امام جعفر صادق (ع) کی چالیس احادیث

# صادق آل محمد علیہ السلام

١

## ہر روز اپنے نفس کا محاسبہ انجام دینا

حَقٌّ عَلى كُلِّ مُسْلِمٍ يَعْرِفُنا أَنْ يَعْرِضَ عَمَلَهُ فى كُلِّ يَوْمٍ وَ لَيْلَةٍ عَلى نَفْسِهِ
فَيَكُونَ مُحاسِبَ نَفْسِهِ، فَإِنْ رَأى حَسَنَةً اسْتَزادَ مِنها، وَ إِنْ رَأى
سَيِّئَةً اسْتَغْفَرَ مِنها لِئَلّا يَخْزى يَوْمَ الْقِيمَةِ

ہر اُس مسلمان شخص کو جو ہماری معرفت رکھتا ہو چاہئے کہ ہر شبانہ روز اپنے اعمال کا حساب کتاب کرے، اگر اپنے اعمال میں نیکی پائے تو اس میں مزید اضافہ کرنے کی کوشش کرے اور اگر اپنے اعمال میں گناہ دیکھے تو خداوند متعال سے ان کی معافی مانگے تا کہ قیامت کے روز ذلت اور رسوائی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ (تحف العقول: ص ۳۰۱)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان
@IdaraTarbiatIsoPak

امام جعفر صادق (ع) کی چالیس احادیث

۲

صادق آل محمد علیہ السلام

# ثابت قدمی

لَوْ أَنَّ شيعَتَنا اسْتَقامُوا لَصافَحَتْهُمُ الْمَلائِكَةُ وَلَأَظَلَّهُمُ الْغَمامُ وَ
لَأَشْرَقُوا نَهارًا وَ لَأَكَلُوا مِنْ فَوْقِهِمْ وَ مِنْ تَحْتِ أَرْجُلِهِمْ وَ لَما سَأَلُوا اللّٰهَ
شَيْئًا إِلاّ أَعْطاهُمْ

اگر ہمارے شیعہ و پیروکار ثابت قدمی کا مظاہرہ کرتے تو فرشتے ان کے ساتھ مصافحہ کرتے اور بادل ان پر اپنا سایہ قائم کرتے اور دن کو نورانی ہو کر چمکتے اور ان کے اوپر اور نیچے سے ان کیلئے رزق نازل کیا جاتا اور جو کچھ خدا نے انہیں عطا کیا ہے اس کے علاوہ مزید طلب نہ کرتے۔ (بحارالانوار: ج78 ص280 ح1)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

امام جعفر صادق (ع)
کی چالیس احادیث

۳

صادق آل محمد علیہ السلام

# مومن بھائی پر تہمت کا نتیجہ

إذا اتَّهَمَ المؤمنُ أخاهُ انْماثَ الإيمانُ
مِن قلبِهِ كما يَنْماثُ المِلحُ في الماءِ

جب کوئی مومن بھائی اپنے مومن بھائی پر تہمت لگائے اس کے دل سے ایمان اس طرح زائل ہو جائے گا جیسے نمک پانی میں زائل ہوتا ہے۔ (میزان الحکمۃ جلد دوّم، صفحہ 118)

امام جعفر صادق (ع)
کی چالیس احادیث

۴

# تقوی، جدوجہد اور مومنین کی مدد

لاتَذْهَبَنَّ بِكُمُ الْمَذاهِبُ فَوَاللّٰهِ لا تُنالُ
وِلايَتُنا اِلاّ بِالْوَرَعِ وَالْاِجْتِهادِ فِى الدُّنْيا وَ مُواساةِ الْاُخْوانِ
فِى اللّٰهِ، وَلَيْسَ مِنْ شيعَتِنا مَنْ يَظْلِمُ النّاسَ

رنگارنگ مذاہب اور فرقے تم لوگوں کو اپنی طرف نہ کھینچیں، خدا کی قسم کوئی شخص ہماری ولایت کا حامل نہیں ہوسکتا مگر یہ کہ تقوی اختیار کرے، دنیوی زندگی میں جدوجہد کرے اور خدا کی خاطر اپنے مومن بھائیوں کی مدد کرے، اور جو شخص دوسروں پر ظلم کرتا ہے وہ ہمارے شیعوں میں سے نہیں"۔ (تحف العقول:303)

امام جعفر صادق (ع) کی چالیس احادیث

۵

صادق آل محمد علیہ السلام

# نرم آواز میں بات کرنا

وَ اخْفِضِ الصَّوْتَ، إِنَّ رَبَّكَ الَّذی یَعْلَمُ ما تُسِرُّونَ وَ ما تُعْلِنُونَ، قَدْ عَلِمَ ما تُرِیدُونَ قَبْلَ أَنْ تَسْأَلُوهُ

نرم آواز میں بات کیا کرو کیونکہ خداوند متعال جو واضح اور چھپی ہوئے امور سے آگاہ ہے تمہاری جانب سے مانگے جانے سے پہلے ہی جانتا ہے کہ تمہاری حاجت کیا ہے۔ (تحف العقول: ص ۳۰۵)

المھدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان
@IdaraTarbiatIsoPak

امام جعفر صادق (ع) کی چالیس احادیث

٦

# جنت اور جہنم، حقیقی خیر اور شر

أَلْخَيْرُ كُلُّهُ أَمامُكَ، وَإِنَّ الشَّرَّ كُلَّهُ أَمامُكَ، وَلَنْ تَرَى الْخَيْرَ وَ الشَّرَّ إِلاّ بَعْدَ الْأخِرَةِ، لِاَنَّ اللّهَ جَلَّ وَ عَزَّ جَعَلَ الْخَيْرَ كُلَّهُ فِي الْجَنَّةِ وَ الشَّرَّ كُلَّهُ فِي النّارِ، لِاَنَّهُما الْباقيانِ

تمام خیرات تمارے سامنے ہیں اور تمام شرور بھی تمہارے سامنے ہیں، تمہیں خیر اور شر دکھائی نہیں دیں گے مگر آخرت کے بعد کیونکہ خداوند عزوجل نے تمام خیرات جنت میں اور تمام شرور جہنم میں رکھے ہیں کیونکہ صرف یہ دو چیزیں ہی باقی رہنے والی ہیں۔ (بحارالانوار: ج ۷۸ ص ۲۸۴ ح ۱)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان
@IdaraTarbiatIsoPak

امام جعفر صادق (ع) کی چالیس احادیث

٧

# اسلام کا جلوہ اور چہرہ

أَلْاُسْلامُ عُرْيانٌ فَلِباسُهُ الْحَياءُ وَ زينَتُهُ الْوَقارُ وَ مُرُوَّتُهُ الْعَمَلُ الصّالِحُ وَ عِمادُهُ الْوَرَعُ وَ لِكُلِّ شَىْءٍ أَساسٌ وَ أَساسُ الاِسْلامِ حُبُّنا أَهْلَ الْبَيْتِ

اسلام برہنہ ہے اور اس کا لباس حیا، اس کا زیور وقار، اس کی مردانگی عمل صالح اور اس کا ستون تقوی ہے۔ ہر چیز کی ایک بنیاد ہے اور اسلام کی بنیاد ہم اہل بیت کی محبت ہے۔ (میزان الحکمۃ جلد پنجم صفحہ ۳۷۱)

امام جعفر صادق (ع) کی چالیس احادیث

صلوات آل محمد علیہ السلام

۸

# آخرت کیلئے عمل

إِعْمَلِ الْيَوْمَ فِي الدُّنْيَا
بِمَا تَرْجُوا بِهِ الْفَوْزَ فِي الْآخِرَةِ

آج اس دنیا میں ایسا عمل انجام دو جس
کے ذریعے آخرت میں نجات کی امید پیدا کرسکو۔

(تحف العقول: ص ۳۰۴)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

@IdaraTarbiatIsoPak

صلوات الله علیه السلام

# ریاکاری، نزاع اور دشمنی سے پرہیز کی تاکید

اِیّاكَ وَ الْمِراءَ فَإِنَّهُ يُحْبِطُ عَمَلَكَ وَإِيّاكَ وَ الْجِدالَ فَإِنَّهُ يُوبِقُكَ وَإِيّاكَ وَ كَثْرَةَ الْخُصُوماتِ فَإِنَّها تُبْعِدُكَ مِنَ اللّهِ

ریاکاری سے پرہیز کرو چونکہ وہ تمہارے عمل کی نابودی کا باعث بنتی ہے، نزاع سے پرہیز کرو کیونکہ تمہاری ہلاکت کا باعث بنے گا اور دشمنی سے پرہیز کرو کیونکہ وہ تمہیں خدا سے دور کردے گی۔ (تحف العقول: ۳۰۹)

امام جعفر صادق (ع) کی چالیس احادیث



صادق آل محمد علیہ السلام

# روح کی پاکیزگی، مومن کی پہچان

إِذا أَرادَ اللّٰهُ بِعَبدٍ خَيرًا طَيَّبَ رُوحَهُ فَلا يَسمَعُ مَعرُوفًا إِلاّ عَرَفَهُ وَلا مُنكَرًا إِلاّ أَنكَرَهُ، ثُمَّ قَذَفَ اللّٰهُ في قَلبِهِ كَلِمَةً يَجمَعُ بِها أَمرَهُ

جب خداوند متعال اپنے کسی بندے کیلئے خیر کا ارادہ کرتا ہے تو اس کی روح کو پاکیزگی عطا کر دیتا ہے جس کے نتیجے میں جب بھی وہ کسی معروف کے بارے میں سنتا ہے اسے اچھی طرح سمجھ لیتا ہے اور جب بھی کسی منکر کے بارے میں سنتا ہے اسے برا سمجھتے ہوئے ترک کر دیتا ہے، اس کے بعد خداوند متعال اس کے دل میں الہام کرتا ہے جس کے ذریعے وہ بندہ اپنے امور انجام دیتا ہے۔ (بصائر الدرجات: ۱۶/ ۷)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان
@IdaraTarbiatIsoPak

امام جعفر صادق (ع) کی چالیس احادیث



صادق آل محمد علیہ السلام

# فقیر مسلمانوں کے ساتھ اظہارِ دوستی

وَ عَلَیْکُمْ بِحُبِّ الْمَساکینِ الْمُسْلِمینَ، فَإِنَّ مَنْ حَقَّرَهُمْ وَ تَکَبَّرَ
عَلَیْهِمْ فَقَدْ زَلَّ عَنْ دینِ اللّهِ وَ اللّهُ لَهُ حاقِرٌ ماقِتٌ وَ قَدْ قالَ أَبُونا
رَسُولُ اللّه (ص) أَمَرَنی رَبّی بِحُبِّ الْمَساکینِ الْمُسْلِمینَ مِنْهُمْ

”فقیر اور مسکین مسلمانوں کے ساتھ دوستی کا اظہار کرو کیونکہ جو بھی ان کو حقارت کی نظر سے دیکھے گا اور ان کے ساتھ متکبرانہ رویہ اپنائے گا یقیناً خدا کے دین سے منحرف ہو چکا ہے اور خدا ایسے شخص کو ذلیل و رسوا کر دے گا۔ ہمارے جد رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے پروردگار نے مجھے حکم دیا ہے کہ فقیر مسلمانوں کے ساتھ اظہار دوستی کروں۔“ (تحف العقول: ۳۱۵)

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

@IdaraTarbiatIsoPak

امام جعفر صادق(ع) کی چالیس احادیث

۱۲

# کفر کی جڑ

إِيّاكُمْ أَنْ يَحْسُدَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا
فَإِنَّ الْكُفْرَ أَصْلُهُ الْحَسَدُ

ایک دوسرے کے ساتھ حسد سے پرہیز کرو

کیونکہ حسد کفر کی جڑ ہے۔

(میزان الحکمۃ جلد سوّم صفحہ ۱۰۶)

امام جعفر صادق (ع)
کی چالیس احادیث

۱۳

صادق آل محمد علیہ السلام

# محبت اور اعمال

ثَلاثٌ تُورِثُ الْمَحَبَّةَ أَلدَّیْنُ
وَ التَّواضُعُ وَ الْبَذْلُ

تین چیزیں انسانوں کے درمیان محبت پیدا ہونے کا باعث بنتی ہیں:

قرض الحسنہ دینا | تواضع اور فروتنی | اور عفو و درگذر

(تحف العقول: ۳۱۶)

صادق آل محمد علیہ السلام

## دشمنی پیدا کرنے والے اعمال

ثَلاثَةٌ مَکْسَبَةٌ لِلْبَغْضاءِ
أَلنِّفاقُ وَ الظُّلْمُ وَ الْعُجْبُ

تین چیزیں انسانوں کے درمیان نفرت اور دشمنی کا باعث بنتی ہیں:

نفاق اور دوغلا پن، ظلم وستم اور خود بینی

(بحارالانوار: ج ۷۸ ص ۲۲۹ ح ۶)

امام جعفر صادق (ع) کی چالیس احادیث

۱۵

صادق آل محمد علیہ السلام

## بردباری، شجاعت اور بھائی چارے کی نشانیاں

ثَلاثَةٌ لا تُعْرَفُ إِلاّ فی ثَلاثَةِ مَواطِنَ لا یُعْرَفُ الْحَلیمُ إِلاّ عِنْدَ الْغَضَبِ وَ لا الشُّجاعُ إِلاّ عِنْدَ الْحَرْبِ، وَ لا أَخٌ إِلاّ عِنْدَ الْحاجَةِ

تین قسم کے افراد تین مواقع پر پہچانے جاتے ہیں:

بردبار اور حلیم شخص غصے کے وقت، شجاع شخص جنگ کے وقت

اور حقیقی دوست اور بھائی ضرورت کے وقت

(بحارالانوار: ج ۷۸/ ص ۲۲۹/ ح ۹)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

@IdaraTarbiatIsoPak

امام جعفر صادق (ع) کی چالیس احادیث

۱۶

صلوات اللہ علیہ

# منافقت کی علامات

ثَلاثٌ مَنْ كُنَّ فيهِ فَهُوَ مُنافِقٌ وَإِنْ صامَ وَصَلّى مَنْ إِذا حَدَّثَ كَذَبَ، وَإِذا وَعَدَ أَخْلَفَ وَإِذَا ائْتُمِنَ خانَ

یہ تین علامات جس شخص میں ہوں وہ منافق ہے اگرچہ روزہ رکھنے والا اور نماز ادا کرنے والا ہی کیوں نہ ہو: جب بات کرے تو جھوٹ بولے، جب وعدہ کرے تو اسے توڑ دے اور جب اسے کوئی امانت سونپی جائے تو اس میں خیانت کرے۔ (میزان الحکمۃ جلد ۱۲، صفحہ ۳۴۶)

امام جعفر صادق (ع) کی چالیس احادیث

۱۷

صادق آل محمد علیہ السلام

تین قسم کے افراد جن پر اعتماد نہیں کرنا چاہیے

لا تُشاوِرْ أَحْمَقَ،
وَلا تَسْتَعِنْ بِكَذّابٍ وَلا تَثِقْ بِمَوَدَّةِ مَلُوك

احمق اور بے وقوف شخص سے مشورہ نہ کرو، جھوٹے شخص سے مدد نہ مانگو اور حکمرانوں کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے والے شخص پر اعتماد نہ کرو۔ (تحف العقول: ۳۱۶)

صادق آل محمد علیہ السلام

## بزرگی اور غنی ہونے کی علامات

ثَلاثٌ مَنْ كُنَّ فيهِ كانَ سَيِّدًا كَظْمُ الْغَيْظِ وَ الْعَفْوُ عَنِ الْمُسيءِ وَ الصِّلَةُ بِالنَّفْسِ وَ الْمالِ

یہ تین چیزیں جس شخص میں ہوں وہ غنی اور بزرگ ہے: غصے کو پینے والا ہو، بدکردار شخص کو معاف کرنے والا ہو اور اپنی جان و مال کے ذریعے صلہ رحم انجام دینے والا ہو۔ (تحف العقول: ۳۱۸)

امام جعفر صادق (ع) کی چالیس احادیث

۱۹

# بلاغت کی علامات

ثَلاثَةٌ فيهِنَّ الْبَلاغَةُ أَلتَّقَرُّبُ مِنْ مَعْنَى الْبُغْيَةِ،
وَ التَّبَعُّدُ مِنْ حَشْوِ الْكَلامِ، وَ الدَّلالَةُ بِالْقَليلِ عَلَى الْكَثيرِ

تین چیزیں فصاحت و بلاغت کا باعث بنتی ہیں: مطلوبہ معنا اچھی طرح لوگوں تک پہنچا دے، بیہودہ بات کرنے سے پرہیز کرے اور کم الفاظ کے ساتھ زیادہ معانی دوسروں تک پہنچانا۔

(تحف العقول:317)

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

@IdaraTarbiatIsoPak

امام جعفر صادق (ع) کی چالیس احادیث

۲۰

صادق آل محمد علیہ السلام

محبت و اُنس تین چیزوں میں پوشیدہ ہے

أَلْاُنْسُ فِی ثَلَاثٍ فِی الزَّوْجَةِ الْمُوَافِقَةِ وَ الْوَلَدِ الْبَارِّ وَ الصَّدِیقِ الْمُصَافِی

محبت و اُنس تین چیزوں میں پوشیدہ ہے:

فرمانبردار زوجہ، نیک اولاد اور مخلص دوست

(بحار الانوار: ج ۷۸ ص ۲۳۱ ح ۲۵)

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

@IdaraTarbiatIsoPak

امام جعفر صادق (ع) کی چالیس احادیث

۲۱

صادق آل محمد علیہ السلام

# کرم اور بزرگواری کی علامات

ثَلاثَةٌ تَدُلُّ عَلى كَرَمِ الْمَرْءِ حُسْنُ الْخُلُقِ، وَ كَظْمُ الْغَيْظِ وَ غَضُّ الطَّرْفِ

تین چیزیں ایسی ہیں جو انسان کو کریم اور بزرگوار بنا دیتی ہیں:
خوش اخلاقی، غصے پر قابو پانا اور
آنکھوں کو حرام سے بچانا۔

(تحف العقول: ۳۱۹)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

@IdaraTarbiatIsoPak

صادق آل محمد علیہ السلام

## تین چیزیں تباہی کا باعث ہیں

ثَلاثَةٌ تُکَدِّرُ الْعَیْشَ السُّلْطانُ الْجائِرُ،
وَ الْجارُ السَّوْءُ وَ الْمَرْأَةُ الْبَذِیَّةُ

تین چیزیں انسان کیلئے تباہی ونابودی کا باعث ہیں:

ظالم حکمران، بُرا ہمسایہ اور

بے شرم اور بداخلاق بیوی

(تحف العقول: ۳۲۰)

امام جعفر صادق (ع) کی چالیس احادیث

۲۳

صادق آلِ محمد علیہ السلام

## حق اور باطل

مَنْ طَلَبَ ثَلاثَةً بِغَيْرِ حَقٍّ حُرِمَ ثَلاثَةً بِحَقٍّ مَنْ طَلَبَ الدُّنْيا بِغَيْرِ حَقٍّ حُرِمَ الْآخِرَةَ بِحَقٍّ، وَ مَنْ طَلَبَ الرِّياسَةَ بِغَيْرِ حَقٍّ حُرِمَ الطّاعَةَ لَهُ بِحَقٍّ وَ مَنْ طَلَبَ الْمالَ بِغَيْرِ حَقٍّ حُرِمَ بَقاءَهُ لَهُ بِحَقٍّ

جو کوئی بھی باطل طریقے سے ان تین چیزوں کا خواہاں ہوگا وہ ان تین حق چیزوں سے محروم ہو جائے گا: جو بھی باطل طریقے سے دنیا حاصل کرنے کی کوشش کرے گا وہ آخرت سے محروم ہو جائے گا، جو شخص بھی باطل طریقے سے حکومت حاصل کرنے کی کوشش کرے گا وہ جائز اطاعت سے محروم ہو جائے گا اور جو شخص باطل طریقے سے کوئی مال حاصل کرنے کی کوشش کرے گا وہ اس مال کی جائز بقاء سے محروم ہو جائے گا۔ (تحف العقول: ۳۲۱)

صادق آلِ محمد علیہ السلام

## علم کے بارے میں

أُطْلُبُوا الْعِلْمَ وَ تَزَيَّنُوا مَعَهُ بِالْحِلْمِ وَ الْوَقارِ وَ تَواضَعُوا لِمَنْ تُعَلِّمُونَهُ الْعِلْمَ وَ تَواضَعُوا لِمَنْ طَلَبْتُمْ مِنْهُ الْعِلْمَ، وَ لا تَكُونُوا عُلَماءَ جَبّارِينَ فَيَذْهَبَ باطِلُكُمْ بِحَقِّكُمْ

علم حاصل کریں اور اس کے ذریعے اپنے اندر بردباری اور وقار پیدا کریں، اپنے شاگردوں کے ساتھ فروتنی سے پیش آئیں اور اپنے استاد کے سامنے متواضع رہیں۔ متکبر اور ہٹ دھرم علماء میں سے نہ ہونا کیونکہ تمہارا برا فعل تمہارے اچھے اعمال کے ضائع ہونے کا سبب بن جائے گا۔ (الکافی: ج ۱ ص ۳۶ ح ۱)

امام جعفر صادق (ع) کی چالیس احادیث

۲۵

صادق آل محمد علیہ السلام

# اندھے اعتماد سے پرہیز کریں

إِذا كانَ الزَّمانُ زَمانَ جَوْرٍ
وَأَهْلُهُ أَهْلَ غَدْرٍ فَالطُّمَأنِينَةُ إِلى كُلِّ أَحَدٍ عَجْزٌ

جب بھی ظلم و جور کا زمانہ آجائے اور لوگ ایک دوسرے کے ساتھ فریب اور دھوکے سے کام لیں تو ہر شخص پر بلا سوچے سمجھے اعتماد کر لینا عجز و لاچاری کا باعث بنے گا۔ (تحف العقول: ۳۵۷)

امام جعفر صادق (ع) کی چالیس احادیث

۲۶

صادق آل محمد علیہ السلام

دنیا کی طلب اور اس سے دوری کے اثرات

أَلرَّغْبَةُ فِي الدُّنْيا تُورِثُ الْغَمَّ وَ الْحُزْنَ وَ الزُّهْدُ فِي الدُّنْيا راحَةُ الْقَلْبِ وَ الْبَدَنِ

دنیا کی طلب دُکھ اور اندوہ کا باعث ہے جبکہ دنیا سے دوری اور زُہد دل اور بدن کی آسانی کا باعث ہے۔

(تحف العقول: ۳۵۸)

المهدی ادارہ تربیت اسلامی آئی ایس او پاکستان
@IdaraTarbiatIsoPak

امام جعفر صادق (ع) کی چالیس احادیث

۲۷

صادق آل محمد علیہ السلام

## امر بہ معروف اور نہی از منکر کرنے کی شرائط

إِنَّمَا يَأْمُرُ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَى عَنِ الْمُنْكَرِ مَنْ كَانَتْ فِيهِ ثَلَاثُ خِصَالٍ عَالِمٌ بِمَا يَأْمُرُ، عَالِمٌ بِمَا يَنْهَى، عَادِلٌ فِيمَا يَأْمُرُ، عَادِلٌ فِيمَا يَنْهَى، رَفِيقٌ بِمَا يَأْمُرُ، رَفِيقٌ بِمَا يَنْهَى

جو شخص امر بہ معروف اور نہی از منکر کرنا چاہتا ہے اس میں تین خصوصیات کا ہونا ضروری ہے: جس چیز کے بارے میں امر کرنا چاہتا ہے اور جس چیز سے نہی کرنا چاہتا ہے اس سے اچھی طرح واقف ہو، جس چیز کے بارے میں امر کر رہا ہے اور جس چیز سے نہی کر رہا ہے خود اس کی خلاف ورزی نہ کرتا ہو اور امر بہ معروف اور نہی از منکر نرم انداز میں انجام دے۔ (الخصال: ص۷۹ ح۱۰۹)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

امام جعفر صادق (ع) کی چالیس احادیث

۲۸

صادق آل محمد علیہ السلام

## ظالم حکمران سے درخواست کرنا

مَنْ تَعَرَّضَ لِسُلْطان جائِر فَأَصابَتْهُ مِنْهُ بَلِيَّةٌ لَمْ يُوجَرْ عَلَيْها وَ لَمْ يُرْزَقِ الصَّبْرَ عَلَيْها

جو کوئی بھی ظالم حکمران سے کسی چیز کی درخواست کرے گا ایسی مصیبت میں گرفتار ہوگا جس پر صبر کرنا مشکل ہو جائے گا۔ (بحار الانوار: ج ۱۶ ص ۲۷ ۳ ح ۷۵)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی آئی ایس او پاکستان
@IdaraTarbiatIsoPak

امام جعفر صادق (ع) کی چالیس احادیث

۲۹

صادق آل محمد علیہ السلام

## بہترین تحفہ

أَحَبُّ إِخوانی إِلَیَّ مَن أَهدی إِلَیَّ عُیوبی

میرے نزدیک محبوب ترین دینی بھائی وہ ہے جو مجھے میری خامیاں تحفے میں دے۔

(تحف العقول:۳۶۶)

امام جعفر صادق (ع) کی چالیس احادیث

۳۰

صادق آل محمد علیہ السلام

اپنے سے زیادہ عالم شخص موجود ہونے کے باوجود لوگوں کو اپنی طرف دعوت دینا

مَنْ دَعَا النَّاسَ إِلَى نَفْسِهِ وَ فِيهِمْ مَنْ هُوَ أَعْلَمُ مِنْهُ فَهُوَ مُبْتَدِعٌ ضَالٌّ

جو شخص اپنے سے زیادہ عالم شخص کی موجودگی میں لوگوں کو اپنی اطاعت کی طرف دعوت دے وہ بدعت گزار اور گمراہ ہے۔ (تحف العقول: ۳۷۵)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان
@IdaraTarbiatIsoPak

# صلہ رحم اور اس کے اثرات

إِنَّ صِلَةَ الرَّحِمِ وَ الْبِرَّ لَيُهَوِّنَانِ الْحِسابَ وَ يَعْصِمانِ مِنَ الذُّنُوبِ
فَصِلُوا إِخْوانَكُمْ وَبَرُّوا إِخْوانَكُمْ وَ لَوْ بِحُسْنِ السَّلامِ وَ رَدِّ الْجَوابِ

یقیناً صلہ رحم اور نیکوکاری قیامت کے دن حساب کو آسان کرنے اور گناہوں سے بچنے کا باعث ہے، پس اپنے بھائیوں کے ساتھ صلہ رحم اور نیکی کرو اگرچہ یہ نیکی سلام کرنے اور سلام کا اچھے انداز میں جواب دینے تک ہی محدود کیوں نہ ہو۔ (الکافی: ج ۲ ص ۱۵۷ ح ۳۱)

امام جعفر صادق (ع) کی چالیس احادیث



## دنیا کی طرف میل ورغبت

اَلرَّغْبَةُ فِی الدُّنْیَا تُورِثُ الْغَمَّ وَ الْحَزَنَ
وَ الزُّهْدُ فِی الدُّنْیَا رَاحَةُ الْقَلْبِ وَ الْبَدَنِ

دنیا کی طرف میل اور رغبت غم و اندوہ کا باعث ہے اور دنیا میں میل و رغبت نہ رکھنا، زُہد اختیار کرنا دل اور بدن کے آرام و سکون کا باعث ہے۔ (تحف العقول، ص ۳۵۸)

امام جعفر صادق (ع) کی چالیس احادیث

۳۳

صادق آل محمد علیہ السلام

سلام قبل از کلام

مَنْ بَدَأَ بِكَلَامٍ قَبْلَ سَلَامٍ فَلَا تُجِيبُوهُ

جو سلام سے پہلے کلام شروع کرے

اس کا جواب مت دو۔ (تحف العقول، ص ۳۶۰)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان
@IdaraTarbiatIsoPak

# خوش رفتاری و پاکدامنی

بَرُّوا آبَاءَكُمْ يَبَرَّكُمْ أَبْنَاؤُكُمْ وَ عِفُّوا
عَنْ نِسَاءِ النَّاسِ تَعِفَّ نِسَاؤُكُمْ

اپنے آباء کے ساتھ اچھے اخلاق سے پیش آؤ تا کہ تمہارے فرزند تم سے اچھے اخلاق سے پیش آئیں اور لوگوں کی عورتوں کی نسبت عفت و پاکدامنی کی رعایت کرو تا کہ تمہاری عورتیں عفیف و پاکدامن رہیں۔ (کافی، ج ۵، ص ۵۵۴)

امام جعفر صادق (ع)
کی چالیس احادیث

۳۵

صادق آل محمد علیه السلام

## مردانگی

قِیلَ لَهُ مَا الْمُرُوَّةُ فَقَالَ علیه السلام لَا یَرَاكَ
اللهُ حَیْثُ نَهَاكَ وَ لَا یَفْقِدُكَ مِنْ حَیْثُ أَمَرَكَ

آپ علیہ السلام سے کسی نے پوچھا مردانگی کیا ہے؟ آپ نے فرمایا
مردانگی یہ ہے کہ خدا نے جس سے تمہیں روکا ہے اس کو نہ دیکھو اور
جس کا حکم دیا ہے اس کو ترک نہ کرو۔ (تحف العقول، ص ۳۵۹)

المهدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان
@IdaraTarbiatIsoPak

امام جعفر صادق (ع) کی چالیس احادیث

٣٦

صادق آل محمد علیہ السلام

# شکر نعمت

إِنَّ اللهَ أَنْعَمَ عَلَى قَوْمٍ بِالْمَوَاهِبِ فَلَمْ يَشْكُرُوهُ
فَصَارَتْ عَلَيْهِمْ وَبَالاً وَ ابْتَلَى قَوْماً بِالْمَصَائِبِ
فَصَبَرُوا فَكَانَتْ عَلَيْهِمْ نِعْمَةً

خداوند تعالیٰ نے ایک قوم کو نعمتیں عطا کیں اور انہوں نے شکر کیا اور وہ نعمتیں مصیبتوں میں تبدیل ہوگئیں ایک قوم کو مصیبتوں میں گرفتار کیا اور انہوں نے صبر کیا تو ان کی مصیبتیں نعمتوں میں تبدیل ہوگئیں۔ (تحف العقول، ص ٣٥٩)

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان
@IdaraTarbiatIsoPak